BACKGROUNDERS
Press Information Bureau
Government of India

# پی ایم اے وائی-اربن 2.0

## انگیکار 2025 کے ساتھ شہری رہائشی تفریق کا خاتمہ

| اہم نکات |
| --- |
| 17 ستمبر 2025 کو پی ایم اے وائی-اربن 2.0 کی پہلی سالہ سالگرہ کے موقع پر پی ایم اے وائی-یو آواس دیوس انگیکار 2025 کے طور پر ایک ملک گیر جشن، دوماہ کی ملک گیر مہم، پی ایم اے وائی-اربن 2.0 کے تحت درخواست کی تصدیق اور گھر کی تکمیل کو تیز کرنے کے لیے شروع کی گئی۔<br>یہ مہم گھر گھر بیداری مہموں، ہاؤسنگ کیمپوں اور عوامی تقریبات کے ذریعے 5000 سے زیادہ شہری مقامی اداروں (یو ایل بی) کا احاطہ کرے گی۔<br>پی ایم اے وائی-اربن 2.0 کے تحت مزید 1.47 لاکھ پکے مکانات کی منظوری دی گئی ہے، جس سے منظور شدہ مکانات کی کل تعداد 8.56 لاکھ ہو گئی ہے۔<br>پسماندہ طبقات کے لیے اہم مکانات کی منظوری دی گئی ہے، جن میں 32,551 ایس سی کے لیے، 5,025 ایس ٹی کے لیے، اور 58,375 او بی سی خاندانوں کے لیے ہیں۔ |

### انگیکار 2025 کا مقصد ہے: شہری رہاش کی آخری شخص تک فراہمی کو تیز کرنا



اپنے خاندان کے لیے ایک محفوظ، مستقل گھر بنانے کا موقع ملنے کا تصور کریں، جسے کسی سرکاری اسکیم کے ذریعے ممکن بنایا گیا ہو۔ کیا آپ اسے لیں گے ؟

ابھی ہندوستان کے قصبوں اور شہروں میں ہزاروں خاندان اس موقع کو حقیقت میں بدل رہے ہیں۔

4 ستمبر سے 31 اکتوبر 2025 تک، حکومت نے انگیکار 2025 کے نام سے ایک جرأت مندانہ ملک گیر مہم شروع کی ہے، ایک ایسا مشن جو "سب کے لیے رہائش" کے وعدے کو براہ راست لوگوں کی دہلیز تک پہنچا رہا ہے۔ پی ایم اے وائی-اربن 2.0 کی حمایت سے، یہ صرف ایک پالیسی پر زور نہیں ہے۔ یہ ایک عوامی تحریک ہے، جو بیداری، جوابدگی اور عمل کو مساوی پیمانے پر ملاتی ہے۔
چاہے وہ درخواست کے عمل کے ذریعے خاندانوں کی رہنمائی کرنا ہو، طویل انتظار والے گھروں کی تعمیر کو تیز کرنا ہو، یا انہیں شمسی توانائی اور قرض کی مدد سے جوڑنا ہو، انگیکار ان تک پہنچنے اور خارج ہونے والوں کو شامل کرنے کے بارے میں ہے۔

کیونکہ لاکھوں شہری غریبوں کے لیے اصل سوال یہ نہیں ہے کہ 'کتنے گھر بنائے گئے ہیں ؟

یہ ہے کہ "میرا کب تیار ہو گا؟"

انگیکار 2025 ہندوستان کا اب تک کا سب سے براہ راست جواب ہے۔

جب پردھان منتری آواس یوجنا (اربن) کو 2015 میں شروع کیا گیا، تو اس نے ایک جرأت مندانہ "سب کے لیے رہائش" کا وعدہ کیا۔ سالوں کے دوران اس نے لاکھوں کم آمدنی والے شہری خاندانوں کی زندگیوں کو بدل دیا ہے، جنہیں محفوظ، مستقل اور سستی رہائش فراہم کی گئی۔ اسی بنیاد پر، ستمبر 2024 میں پی ایم اے وائی-اربن 2.0 کا آغاز کیا گیا۔ اس کا مشن سادہ مگر طاقتور ہے: کوئی بھی خاندان پیچھے نہ رہ جائے۔ ہر شہری گھرانے کو اس کی پس منظر سے قطع نظر، نہ صرف چھت بلکہ ایک محفوظ گھر فراہم ہو، جس میں بنیادی سہولیات تک رسائی ہو۔

17 ستمبر 2025 کو ملک بھر میں پی ایم اے وائی-اربن 2.0 کی پہلی سالگرہ منائی جائے گی، جسے تمام ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام علاقوں، اضلاع اور شہری مقامی اداروں (یو ایل بی) میں پی ایم اے وائی-یو آواس دیوس کے طور پر منایا جائے گا۔

## شہری رہائش کی تکمیل، رفتار، اور شمولیت کو فروغ:

انگیکار 2025 اپنی اصل میں ایک مشن پر مبنی مہم ہے، جس کا مقصد ہندوستان کے شہری علاقوں میں پردھان منتری آواس یوجنا–اربن 2.0 (پی ایم اے وائی-یو) اسکیم کی مکمل تکمیل کو یقینی بنانا ہے، جس کے درج ذیل بڑے مقاصد ہیں:

پی ایم اے وائی-یو کے تحت پہلے سے منظور شدہ 20 لاکھ مکانات کی تکمیل میں تیزی لانا۔
صفائی ملازمین، اسٹریٹ وینڈرز (پی ایم سوانیدھی کے تحت) کاریگروں (پی ایم وشوکرما کے تحت) آنگن واڑی کارکنوں، تعمیراتی کارکنوں اور کچی آبادیوں اور چالوں کے رہائشیوں جیسے خاص توجہ والے گروپوں کے ممکنہ مستفیدین کو شامل کرنا۔
پی ایم سوریہ گھر کی توسیع کے لیے ایک خصوصی مہم چلانا: پہلے سے تعمیر شدہ گھروں کو مفت بجلی یوجنا کے فوائد کی فراہمی۔
باوقار حوالگی کو یقینی بنانے کے لیے نئے مکمل شدہ مکانات کے لیے گرہ پرویش کی تقریبات کو آسان بنانا۔
اسکیم کے تمام ورٹیکلز کے بارے میں معلومات پھیلانا اور درخواست اور ٹریکنگ کے لیے پی ایم اے وائی-یو 2.0 کے یونیفائیڈ ویب پورٹل کو نیویگیٹ کرنے میں مستفیدین کی مدد کرنا۔
گہری فیلڈ لیول موبلائزیشن، دستاویز چیک، جیوٹیگنگ، اور گھر گھر مصروفیت کے ذریعے درخواست دہندہ کی اہلیت کی تصدیق کرنا۔
اس اسکیم کے تحت پہلے سے منظور شدہ 8.5 لاکھ گھروں کے لیے ہوم لون کی سہولت میں مدد کرنا۔
ستمبر اور اکتوبر 2025 کو 'ہاؤسنگ ماہ' کے طور پر منانا، جس میں نمائش، ترسیل اور کمیونٹی کی شمولیت کے لیے ملک بھر میں زور دیا جاتا ہے۔

## پی ایم آواس میلہ-شہری: پی ایم اے وائی-یو 2.0 کے ایک سال کا جشن

ان اہداف کو عملی جامہ پہنانے اور کمیونٹی کی شمولیت کو وسعت دینے کے لیے انگیکار 2025 مہم میں ایک اہم ایونٹ شامل ہے جو بیداری، نفاذ اور شمولیت کے لیے ایک مشعل راہ کے طور پر کام کرتا ہے۔ یہ تقریب سرکاری ایجنسیوں اور مالیاتی اداروں سے لے کر مقامی برادریوں تک ہر سطح پر اسٹیک ہولڈرز کو متحرک کرتی ہے، تاکہ رہائش کی فراہمی میں تیزی لائی جاسکے اور اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ مستفیدین کو جامع مدد اور معلومات حاصل ہوں۔

انگیکار 2025 کا نمایاں پروگرام پی ایم آواس میلہ–شہری 17 سے 27 ستمبر 2025 تک منعقد ہوگا۔ یہ میلہ ایک فعال اور جامع پلیٹ فارم فراہم کرے گا، جس کا مقصد پی ایم اے وائی-یو اور پی ایم اے وائی-یو 2.0 کے فوائد کو اجاگر کرنا ہے، اس کے ساتھ ہی بنیادی سطح پر مختلف اسکیموں کے انضمام اور عوامی شرکت کو فروغ دینا ہے۔ یہ

پروگرام دو مراحل پر مشتمل ہو گا: پہلا مرحلہ 17 سے 27 ستمبر تک، جبکہ دوسرا مرحلہ 15 سے 31 اکتوبر 2025 کے درمیان کسی بھی دن منعقد کیا جائے گا۔




**پی ایم آواس میلہ-شہری میں ممکنہ پی ایم اے وائی-یو 2.0 کے مستفیدین کے لیے مختلف سہولیات فراہم کی جائیں گی، جن میں شامل ہوں گی:**

- ہیلپ ڈیسک اور معلوماتی کیوسک جو اہل ہونے کے معیار، درخواست کے طریقہ کار اور اسکیم کے فوائد کے بارے میں رہنمائی فراہم کریں گے۔
- فوری تصدیق اور رجسٹریشن کی سہولت۔
- پی ایم سوریا گھر: مفت بجلی یوجنا کیمپ جو موجودہ پی ایم اے وائی-یو مستفیدین کو فوائد فراہم کریں گے۔
- قرض میلے جو پی ایم اے وائی-یو، پی ایم اے وائی-یو 2.0 اور شمسی توانائی اسکیم کے مستفیدین کے لیے آسان ہوم لون تک رسائی کو فروغ دیں گے۔
- صحت کے کیمپ اور دیگر فلاحی اسکیموں جیسے پی ایم اجولا، پی ایم ایس وی اے نیدھی اور آیوشمان بھارت کے کیمپ، جو اسکیموں کے انضمام کو فروغ دیں گے۔
- پی ایم اے وائی-یو 2.0 کے تحت خصوصی فوکس گروپس کے لیے مخصوص کیمپ۔
- کیمپ کے دوران رابطوں کی بنیاد پر ممکنہ مستفیدین کے لیے اندراج کی مہم۔
- دلچسپ سرگرمیاں جیسے کوئز، سیلفی بوتھ اور مقامی فنکاروں اور طلبہ کی ثقافتی پیشکشیں۔
- مستفیدین کی کامیابی کی کہانیاں شیئر کرنا تاکہ دوسروں کو متاثر اور متحرک کیا جا سکے۔
- شاندار مستفیدین، خواتین کامیابوں، اور طلبہ فنکاروں کی تعریف و تمجید۔
- شہری مقامی اداروں کی کامیابیوں کا جشن منانا۔
- تقریب کی سرگرمیوں کو اجاگر کرنے کے لیے وسیع میڈیا کوریج۔

## رہائش کی رسائی کو فروغ دینا




آغاز سے ہی، پی ایم اے وائی نے 1.2 کروڑ سے زائد گھروں کی منظوری دی ہے، جن میں سے تقریباً 94 لاکھ گھر پہلے ہی مستفیدین کو فراہم کیے جا چکے ہیں۔ پی ایم اے وائی-اربن 2.0 کے ساتھ حکومت نے ایک کروڑ مزید شہری خاندانوں کی مدد کا وعدہ کیا ہے۔

اہل گھرانے، جن کی آمدنی ای ڈبلیو ایس، ایل آئی جی اور ایم آئی جی زمرے میں آتی ہے، اپنے گھر بنانے یا خریدنے کے لیے مالی مدد کے طور پر 2.5 لاکھ روپے تک حاصل کر سکتے ہیں۔ درخواستیں آن لائن pmay-urban.gov.in پر یا مقامی شہری مقامی اداروں (یو ایل بی ایس) کے ذریعے جمع کروائی جا سکتی ہیں۔

**اگست 2025 میں چوتھی مرکزی منظوری اور نگرانی کمیٹی (سی ایس ایم سی) کی میٹنگ میں، 14 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں اضافی 1.47 لاکھ پکے مکانات کو منظوری دی گئی۔ جس سے پی ایم اے وائی-یو 2.0 کے تحت کل 8.56 لاکھ مکانات کو منظوری دی گئی۔**

## پی ایم اے وائی-یو 2.0 کیسے کام کرتا ہے۔

پی ایم اے وائی-یو 2.0 کو چار ورٹیکلز- بینفیشری لیڈ کنسٹرکشن (بی ایل سی) پارٹنر شپ میں افورڈیبل ہاؤسنگ (اے ایچ پی) افورڈیبل رینٹل ہاؤسنگ (اے آر ایچ) اور انٹرسٹ سبسڈی اسکیم (آئی ایس ایس) کے ذریعے نافذ کیا جا رہا ہے۔ حال ہی میں منظور شدہ زیادہ تر مکانات بی ایل سی اور اے ایچ پی اجزاء کے تحت آتے ہیں۔ اس جاری کوشش کے ذریعے حکومت جامع شہری ترقی کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے، جس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ ہر خاندان کے پاس نہ صرف ایک گھر ہو بلکہ ایک محفوظ اور اچھا گھر ہو۔



## کون اہل ہے؟

- ایسے خاندان (شوہر، بیوی، غیر شادی شدہ بیٹے / بیٹیاں) جن کے پاس ہندوستان میں کہیں بھی کوئی پکہ گھر نہیں ہے۔
- ای ڈبلیو ایس (3 لاکھ روپے) ایل آئی جی (3 سے 6 لاکھ روپے) ایم آئی جی (6 سے 9 لاکھ روپے) زمروں سے تعلق رکھتے ہیں۔
- بیواؤں، اکیلی خواتین، بزرگ شہریوں، خواجہ سراؤں، ایس سی / ایس ٹی / او بی سی گھرانوں، اقلیتوں، صفائی ملازمین، اسٹریٹ وینڈرز، کاریگروں، آنگن واڑی اور تعمیراتی کارکنوں اور کچی آبادیوں کو ترجیح دی جائے گی۔
- تمام درخواست دہندگان کے لیے آدھار / ورچوئل آئی ڈی لازمی ہے۔
- پی ایم اے وائی-جی (دیہی ہم منصب) کے ساتھ ربط کے ذریعے جعلی کام سے بچایا گیا۔

**ذیل میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لحاظ سے اس بات کا جائزہ دیا گیا ہے کہ پی ایم اے وائی-یو اور پی ایم اے وائی-2.0 کے تحت کتنے پکا گھر مکمل ہو چکے ہیں، جو شہری ہندوستان میں اہل ہونے کی شرائط کے عملی نفاذ کی نمایاں پیشرفت کو ظاہر کرتا ہے۔**




## مساوات گھر سے شروع ہوتی ہے۔

اگست 2025 تک، پی ایم اے وائی-اربن 2.0 کے جاری نفاذ کی کلیدی توجہ شمولیت کو فروغ دینے اور معاشرے کے کمزور طبقات کو بااختیار بنانے پر مرکوز ہے۔

تقریباً 75,417 مکانات کو خاص طور پر خواتین کے نام پر منظور کیا گیا ہے، جن میں اکیلی خواتین اور بیوائیں بھی شامل ہیں، جو خواتین کے لیے محفوظ اور باوقار زندگی کو یقینی بنانے کے لیے حکومت کے مسلسل عزم کو اجاگر کرتے ہیں۔

اتر پردیش میں 1,166 مکانات کو خاص طور پر بزرگ شہریوں کے لیے منظور کیا گیا ہے، جو بزرگوں کی رہائش کی ضروریات پر توجہ مرکوز کرنے کی عکاسی کرتا ہے۔

پسماندہ طبقوں کی مدد کرنے کے اس عزم کی بنیاد پر، مختلف پسماندہ برادریوں کے لیے درج ذیل مکانات کی منظوری دی گئی ہے:

- 551,32 درج فہرست ذاتوں (ایس سی) کے لیے
- 025,5 درج فہرست قبائل (ایس ٹی) اور

دیگر پسماندہ طبقات (او بی سی) کے لیے 58,375-اس بات کو یقینی بنانا کہ امداد ان لوگوں تک پہنچے، جنہیں تاریخی طور پر سماجی اور معاشی نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

## نتیجہ: سب کے لیے بروقت اور ہدف شدہ رہائش کی طرف

پی ایم اے وائی-اربن 2.0، انگیکار مہم کے ساتھ جامع ترقی کے لیے حکومت ہند کی طرف سے ایک طاقتور عزم کی نمائندگی کرتا ہے۔ پی ایم اے وائی-یو 2.0 باوقار ہاؤسنگ کی بنیاد فراہم کرتا ہے، جبکہ انگیکار مستفیدین کو صفائی ستھرائی، صحت کی دیکھ بھال، تعلیم اور مالی شمولیت جیسی ضروری خدمات سے مربوط کر کے اس کی تکمیل کرتا ہے۔ وہ مل کر اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہر گھر استحکام، مواقع اور وقار کا ذریعہ ہو۔ بروقت نفاذ، اس کے بنیادی حصے میں شمولیت اور ہم آہنگی پر مبنی نقطہ نظر کے ساتھ، ہندوستان سب کے لیے رہائش کے وژن کی طرف مسلسل آگے بڑھ رہا ہے۔ تعمیر شدہ ہر گھر ایک زندگی کو بااختیار بناتا ہے اور اس میں شامل ہر خاندان قوم کو مساوات، انصاف اور پائیدار ترقی پر مبنی مستقبل کے قریب لاتا ہے۔

## حوالہ جات:

**ہاؤسنگ اور شہری امور کی وزارت:**


- https://pmaymis.gov.in/PMAYMIS2_2024/About_details.aspx
- https://pmaymis.gov.in/PMAYMIS2_2024/Awaas_mela.aspx
- https://pmay-urban.gov.in/
- https://pmay-urban.gov.in/uploads/progress-pdfs/689079fd0aa59-State_wise_for_web.pdf
- https://pmay-urban.gov.in/iec-materials/latest
- https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2147921
- https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2156126
- https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2164173
- https://www.pib.gov.in/PressNoteDetails.aspx?NoteId=152011
- https://www.pib.gov.in/PressNoteDetails.aspx?NoteId=151895
- https://www.pib.gov.in/PressNoteDetails.aspx?NoteId=151903


پی ڈی ایف ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے یہاں کلک کریں

****

ش ح۔م ع ن۔ع د

**U. No.6157**

***Social Welfare***

PMAY-Urban 2.0

Closing the Urban Housing Divide with Angikaar 2025

Backgrounder ID: 155222